فوری ریلیز کے لیے: 25/6/2024 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے اعلان کیا ہے کہ روزگار تلاش کرنے اور اسے برقرار رکھنے میں پناہ گزینوں کی مدد کے لیے $20 ملین عطا کر دیے گئے ہیں

یہ فنڈنگ ریاست نیو یارک میں حال ہی میں آباد ہونے والے پناہ گزینوں کو اپنی زندگیاں میں استحکام لانے میں مدد دینے کے لیے ہے

نیو یارک ریاست میں گزشتہ سال تقریباً 4,200 پناہ گزین آباد کیے گئے تھے

گورنر Kathy Hochul نے آج اعلان کیا کہ کمیونٹی پر مبنی ایسی 17 تنظیموں کو $20 ملین دیئے گئے ہیں جو پناہ گزینوں کو نیویارک میں اپنے نئے گھروں میں مستحکم کرتے ہوئے ملازمتوں کے حصول میں مدد دیتی ہیں۔ ریفیوجی سپورٹ سروسز پروگرام (Refugee Support Services Program) جسے وفاقی آفس آف ریفیوجی ری سیٹلمنٹ (Office of Refugee Resettlement) فنڈنگ فراہم کرتا ہے، وہ نیویارک بھر کی کمیونٹیز میں پناہ گزینوں کو دوبارہ آباد کرنے کے لیے ریاست کی کامیاب کوششوں کا ایک بنیادی جزو ہے۔

"ریاست نیویارک کی ایک قابل فخر تاریخ رہی ہے کہ ہم تشدد کی وجہ سے بے گھر ہونے والوں یا بدسلوکی اور ظلم و ستم سے بھاگنے والوں کا کھلی بانہوں سے خیرمقدم کرتے ہیں،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "یہ سرمایہ کاری پناہ گزینوں کی کمیونٹیز کی مدد ومعاونت کرے گی، اور ان امکانات اور بہتریوں کے لیے اپنی غیر متزلزل وابستگی کی نمائندگی کرے گی جو پناہ گزین ہماری ریاست میں لائیں گے۔"

ریفیوجی سپورٹ سروسز پروگرام متعدد ضروری اور قیمتی خدمات فراہم کرتا ہے جس میں ملازمت کی راہ میں حائل رکاوٹوں مثلاً سماجی اور ثقافتی معاملات کو حل کرنا، ملازمت تلاش کرنے والی مہارتیں پیدا کرنا، کام کا تجربہ فراہم کرنا، اور انگریزی کی مہارتپیدا کرنا جیسے امور شامل ہیں۔ ملازمت کا تسلسل قائم رکھنے اور ترقی کے مواقع بڑھانے جیسے معاملات یقینی بنانے کے لیے عبوری خدمات بھی فراہم کی جاتی ہیں۔

دفتر برائے عارضی و معذوری میں معاونت (Office of Temporary and Disability Assistance) کا پناہ گزینوں کی خدمات کا بیورو ریاست نیو یارک میں پناہ گزینوں کی مدد کرنے والے پروگراموں اور خدمات کے نفاذ کا ذمہ دار ہے۔ وفاقی وسائل ان مقامی اداروں کو بھیجے جاتے ہیں جو پناہ گزینوں اور ان کے خاندانوں کے ساتھ ساتھ انہی جیسی امیگریشن حیثیت والے دیگر افراد کی مدد کرتے ہیں کہ وہ معاشی اور سماجی خود کفالت حاصل کر سکیں۔

دفتر برائے عارضی و معذوری میں معاونت کی اسسٹنٹ کمشنر Barbara C. Guinn نے کہا، "نیویارک کی ہمیشہ سے یہ روایت رہی ہے کہ ہم دیگر ممالک سے ظلم و ستم، تشدد اور عدم برداشت کی وجہ سے بھاگ کر یہاں آنے والوں کو کھلے دل اور کھلی بانہوں سے قبول بھی کرتے ہیں اور ان کی مدد بھی کرتے ہیں۔ ابھی گزشتہ ہفتے ہی ہم نے پناہ گزینوں کا عالمی دن منایا تھا، اور ہم ان افراد اور خاندانوں کے لیے ایک محفوظ پناہ گاہ فراہم کرکے اپنی اس قابل فخر روایت کو جاری رکھا ہے اور ساتھ ہی انہیں وہ مدد و معاونت بھی مہیا کی ہے جسکی انہیں ہماری ریاست میں نئے سرے سے زندگی شروع کرنے کے لئے ضرورت ہے۔"

سیکرٹری برائے ریاست Walter T. Mosley نے کہا، "نیویارک ہمیشہ سے تشدد اور ظلم و ستم سے بھاگ کر پناہ طلب کرنے والے افراد کے لیے ایک محفوظ پناہ گاہ رہا ہے۔ ہم پناہ گزینوں اور تارکین وطن کی اپنی آبادی کی ان اہم شراکتوں کو دل سے تسلیم بھی کرتے ہیں اور محکمہ خارجہ (Department of State) کے دفتر برائے نئے امریکیوں (Office for New Americans) کے ذریعے ہماری ریاست میں ایک نئی زندگی کی جانب منتقل ہونے والے افراد کی مدد اور ترقی کے لیے کام بھی کرتے ہیں۔ 20$ ملین کا یہ ایوارڈ ہماری ان کاوشوں کو مزید مہمیز دے گا اور پناہ گزینوں کو وہ ٹولز فراہم کرنے میں مدد کرے گا جنکی انہیں آج کے دور کی جاب مارکیٹ میں کامیابی حاصل کرنے اور ترقی کرنے کے لیے ضرورت پڑتی ہے۔"

پوری ریاست میں بغیر منافع پناہ گزین خدمات فراہم کرنے والے 17 فراہم کنندگان کو حال ہی میں یہاں آباد ہونے والے پناہ گزینوں اور ان کے خاندانوں کو امریکہ کی زندگی کے مطابق خود کو ڈھالنے میں مدد دینے اور ملازمت اور عبوری معاونتی خدمات فراہم کرنے کے لیے فنڈنگ سے نوازا گیا ہے۔ ان وصول کنندگان میں شامل ہیں:

نیو یارک سٹی
Catholic Charities Community Services, Archdiocese of New York – NYC, $802,400
Shorefront YM-YWHA of Brighton-Manhattan Beach Inc., $1,469,300
CAMBA Inc., $400,000
Center for Family Life in Sunset Park Inc., $548,679
El Barrio's Operation Fight Back Inc., $410,000

لانگ آئی لینڈ
Catholic Charities of Long Island, $288,500

مڈ-ہڈسن
Catholic Charities Community Services, Archdiocese of New York – Metro, $333,500

دارالحکومت کا علاقہ
U.S. Committee for Refugees and Immigrants Inc., $1,784,700
Albany County Opportunity Inc., $342,566

جنوبی سلسلہ
American Civic Association Inc., $148,742

Western New York
Journey's End Refugee Services Inc., $2,559,604
Jewish Family Services of Western NY – Buffalo, $2,724,000
Jewish Family Services of Western NY – Niagara, $148,741

فنگر لیکس
Catholic Charities Family and Community Services, $1,423,427
Rochester City School District, $1,000,000

Mohawk Valley
The Center, $1,560,000

Central New York
Catholic Charities of Onondaga County, $4,055,841

ریاست نیویارک نے اکتوبر 2022 سے ستمبر 2023 کے درمیان تقریباً 4,200 پناہ گزینوں یا افراد کو تارکین وطن کے خصوصی ویزوں کے ذریعے خوش آمدید کہا اور ان میں سے زیادہ تر افراد بالائی ریاست کی کمیونٹیز میں آباد ہو گئے۔ ان مہاجرین میں افغانستان سے 991، جمہوری ری پبلک کانگو سے 912، شام سے 717، برما سے 541، اور کولمبیا سے 122 افراد شامل تھے۔

امریکہ کا سفر کرنے والوں میں سے سب سے زیادہ جانچ پڑتال ان افراد کی ہوتی ہے جو پناہ کے متلاشی ہوں۔ امریکہ میں آباد کیے جانے سے قبل انہیں انٹیلی جنس ایجنسیوں کے متعدد سیکیورٹی چیکس سے گزرا جاتا ہے جس میں بائیو میٹرک ٹیسٹ، میڈیکل اسکریننگ، اور امریکی محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی (U.S. Department of Homeland Security) کے اہلکاروں کے ساتھ ذاتی انٹرویوز شامل ہوتے ہیں۔

New American Economy کی ایک تحقیق کے مطابق، نیویارک میں رہنے والے پناہ گزین ریاست کی معیشت میں کمانے والوں، ٹیکس دینے والوں اور صارفین کے طور پر خاصا اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ پناہ گزینوں کے گھرانوں نے ایک اندازے کے مطابق سالانہ $6.2 بلین کمائے اور وفاقی، ریاستی اور مقامی ٹیکسوں میں تقریباً $2 بلین کا حصہ ڈالا۔

Jewish Family Services of WNY کے چیف ایگزیکٹو افسر Molly Carr نے کہا، "JFS پناہ گزین بالغان اور نو عمر افراد کو درپیش ان متعدد رکاوٹوں کو اچھی طرح سمجھتا ہے جنکا سامنا وہ اپنی نئی کمیونٹی میں ضم ہونے اور خود کفالت حاصل کرنے کی کوششیں کے دوران کرتے ہیں، خاص طور سے کوئی بامعنی روزگار حاصل کرنے اور اسے برقرار رکھنے جیسی کوششوں کے دوران۔ پناہ گزینوں پر توجہ مرکوز رکھنے والی کیریئر خدمات پیش کرکے اور نئے ملک میں منتقل ہونے میں انکی مدد کرنے اور روزگار کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے انفرادی اور خاندانی معاونت فراہم کرکے، ہم مالی اور ذاتی استحکام کی راہ کی جانب پناہ گزینوں کی بہتر رہنمائی کرسکتے ہیں۔"

American Civic Association کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر اور سی ای او Hussein Adams نے کہا، "1939 سے، بنگھمٹن میں امریکن سوک ایسوسی ایشن (American Civic Association, ACA) بہت فخر کے ساتھ دنیا بھر سے نئے آنے والوں کو امیگریشن سپورٹ سروسز فراہم کر رہی ہے۔ ACA اس ایوارڈ کے لیے گورنر Hochul کی بے حد مشکور ہے، کیونکہ یہ ہمیں نئے آنے والے پناہ گزینوں کو اقتصادی ترقی، شمولیت اور خود کفالت کے لیے مزید مواقع فراہم کرنے کے قابل بنا رہا ہے۔ پناہ گزینوں کی آباد کاری اور معاشرے میں انکے انضمام کے ذریعے ثقافتی تنوع کا مقصد بھی حاصل ہو جاتا ہے اور مقامی کمیونٹیز بھی مزید افزودہ اور زیادہ متحرک ہو جاتی ہیں۔ ACA میں، ہمارا ایمان ہے کہ جب نئے امریکی ترقی کرتے ہیں، تو ہم سب ترقی کرتے ہیں! NYS کو ایک خوش آمدید کہنے والی ریاست بنانے میں مسلسل تعاون کے لیے گورنر Hochul کا بہت شکریہ!"

Shorefront YM-YWHA of Brighton-Manhattan Beach Inc کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Susan Fox نے کہا، "Shorefront YM & YWHA کو NYS OTDA اور ہمارے ساتھ تعاون کرنے والے دیگر شراکت داروں کے ساتھ کام کرنے پر بہت خوشی ہے کیونکہ ہم پناہ گزینوں کی امدادی خدمات کے پروگرام (Refugee Support Services Program, RSSP) کے مقاصد حاصل کرنے کے لیے وقف ہیں جو اہل پناہ گزینوں کی امریکہ آمد پر جلد از جلد معاشی اور سماجی خود کفالت حاصل کرنے کے لیے مقرر کیے گئے ہیں۔ درحقیقت، RSSP کی رکاوٹیں شناخت کرکے ان پر قابو پانے کے لئے لیزر جیسی توجہ ملازمتوں پر کامیابی سے تعیناتی، ملازمتیں برقرار رکھنے، اور خاندانوں کی خود کفالت پر مرکوز ہے اور اس سے ان ہزاروں پناہ گزینوں کی امیدوں اور خوابوں کی بہت احترام سے عکاسی ہوتی ہے جن کے ساتھ ہم کام کرتے ہیں۔ ہم مشکل اور خطرناک حالات سے نکل کر یہاں آنے والے ان پناہ گزینوں کی غیر معمولی کوششوں اور استقامت سے واقعی بہت متاثر ہیں جو نیویارک میں اپنی زندگی بسر کرنے کی خواہش رکھتے ہیں، جذبے اور جوش کے ساتھ ایک محفوظ زندگی گزارنا اور اپنے خاندانوں کی کفالت کرتے ہوئے معاشرے میں اپنا حصہ ڈالنا چاہتے ہیں۔"

Rochester City School District کے Office of Adult and Career Education Services کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Lia Tinkelman Festenstein نے کہا، "ہم RSSP ایوارڈ حاصل کرنے پر دل کی گہرائیوں سے اعزاز بھی محسوس کر رہے ہیں اور شکر گزار بھی ہیں۔ ہماری خدمات کو تسلیم کرنے والا یہ اعزاز RCSD OACES میں ہماری پوری ٹیم کی محنت اور لگن کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ اس ایوارڈ کے ذریعے ہم اپنی متعدد گوناگوں خدمات کے ذریعے پناہ گزین خاندانوں کی اقتصادی رفتار پر نمایاں اور مثبت اثر ڈالنے کے قابل بن جائیں گے۔ اپنی کمیونٹی کے اراکین کو ضروری مہارتوں اور مواقع سے آراستہ کر کے، ہم انکے لئے ایسی راہیں آراستہ کرنے کے لیے پُرعزم ہیں جو ان خاندانوں کو ایک روشن مستقبل کی تعمیر کے لیے بااختیار بنانے والی ثابت ہوں گی۔"

Catholic Charities Family and Community Servicesمیں فیملی پراسپیریٹی پروگرامز کے نائب صدر Jim Morris نے کہا، "یہ فنڈنگ CCFCS کے پہلے سے کامیاب ریفیوجی ایمپلائمنٹ سروسز پروگرام (Refugee Employment Services Program) کو مزید وسعت دے گی۔ ہم نے گریٹر راچسٹر کے علاقے میں 100 سے زیادہ آجروں کی ایک بنیاد قائم رکھی ہوئی ہے اور سنہ 2019 سے اب تک 370 سے زیادہ مہاجرین کو مقامی ملازمتوں پر تعینات کروا چکے ہیں۔ اسی مدت کے دوران ہماری ایجنسی کے ذریعہ ملازمتوں پر رکھے جانے والے پناہ گزینوں میں سے نصف سے زیادہ افراد ملازمت کے 90 دنوں کے اندر خود کفیل ہو چکے تھے۔"

Albany Community Action Partnership کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر Neenah A. Bland نے کہا،"Albany Community Action Partnership کو بہت خوشی ہے کہ ہم نے Refugee Support Services Program کے لیے OTDA کے ساتھ شراکت داری کی۔ یہ اقدام معاشی آزادی کو فروغ دینے کی جانب ایک اہم قدم ہے اور یہ امر یقینی بنا رہا ہے کہ ہماری کمیونٹی کے نئے اراکین کو وہ تمام مدد اور مواقع میسر ہوں جن کی انہیں اپنی نئی زندگیوں کی تعمیر کے لیے ضرورت ہے۔ اسکے ساتھ ساتھ ہماری کوششیں البانی کاؤنٹی کے تمام رہائشیوں کے لیے ایک مضبوط اور زیادہ جامع کمیونٹی کو فروغ دینے میں بھی مدد کریں گی۔"

Catholic Charities of the Archdiocese of New York کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Monsignor Kevin Sullivan نے کہا، "Catholic Charities کو نیویارک میں نئے آنے والوں - پناہ گزینوں، جنہیں پناہ دے دی گئی ہے، انسانی اسمگلنگ کے متاثرین، اور انسانی ہمدردی کی بنیاد پر یہاں رہنے والوں کو روزگار اور سماجی معاونت کی خدمات فراہم کرنے کے لیے ریاست نیویارک کے ساتھ اپنی شراکت داری جاری رکھنے پر بہت خوشی ہے۔ جو افراد نیو یارک سٹی اور لوئر ہڈسن ویلی پہنچ چکے ہیں انہیں اپنے نئے گھر میں اپنی زندگیاں مستحکم کرنے اور دوبارہ تعمیر کرنے کے لیے مدد و معاونت کی بہت ضرورت ہے۔ نئے تارکین وطن اور پناہ گزین افراد ہماری کمیونٹیز میں جان ڈالتے ہیں اور اسے مزید مضبوط کرتے ہیں۔"

The Center کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Shelly Callahan نے کہا، "ریفیوجی سپورٹ سروسز پروگرام اونیڈا کاؤنٹی میں پناہ گزین کمیونٹی کے لئے بھی اور ان بہت سے آجروں کے لیے بھی ضروری ہے جو اپنی افرادی قوت میں اضافہ کر رہے ہیں۔ The Center ہر سال ہزاروں کلائنٹس کو روزگار حاصل کرنے، ہماری کمیونٹی میں شمولیت اختیار کرنے، اور RSS پروگرام کے ذریعے خود کفیل ہونے کے لئے اپنی خدمات مہیا کرتا ہے۔ ہم NYS اور گورنر Hochul کے شکر گزار ہیں کہ انہوں نے کمیونٹی کی تعمیر اور معاشی استحکام کے لیے اس اہم پروگرام کی حمایت کی اور ان ہزاروں پناہ گزینوں کو خوش آمدید کہا جو ریاست نیویارک کو اپنا گھر بنا رہے ہیں۔"

Center for Family Life In Sunset Park کی شریک ایگزیکٹو ڈائریکٹر Julia Jean-Francois نے کہا، "Center for Family Life in Sunset Park کے لئے ریاست نیو یارک کے ریفیوجی سپورٹ سروسز پروگرام میں حصہ لینا انتہائی اعزاز کی بات ہے، جسے ریاست نیویارک کے دفتر برائے عارضی اور معذوری امداد کے ذریعے نافذ کیا جا رہا ہے۔ ہم بروک لین میں پناہ گزینوں اور ان کے خاندانوں کو روزگار کے سلسلے میں ضروری مدد و معاونت فراہم کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں سماجی خدمات کے ساتھ منسلک کروانے کے لیے بھی پرعزم ہیں، اور ہمیں اپنی متحرک کمیونٹی میں اپنے ان نئے نیویارک باسیوں کا خیرمقدم کرتے ہوئے دلی خوشی ہو رہی ہے۔ پناہ گزین ہمارے شہر کے روشن مستقبل کے لیے اپنے ساتھ اپنا عزم، حوصلہ، امیدیں اور خواب لے کر آتے ہیں اور

ہم اس شراکت کے وہ مفید فوائد اپنی آنکھوں سے دیکھ رہے ہیں جو مہاجرین اور ان کے خاندان کے افراد ایک مضبوط اور لچکدار نیویارک کے لیے روزانہ پیدا کرتے ہیں۔"

Catholic Charities of Onondaga County کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر Michael Melara نے کہا، "ہمیں یہ فنڈنگ ایوارڈ حاصل کرنے پر بہت فخر محسوس ہو رہا ہے۔ یہ پناہ گزینوں کی مدد کرنے اور ان کی زندگیوں کی تعمیر نو کے دوران ایک خوش آئند ثقافت کو فروغ دینے کے لیے گورنر Hochul کی لگن کے ایک منہ بولتے ثبوت کا کام کر رہا ہے۔"

CAMBA, Inc کی صدر اور سی ای او Valerie Barton-Richardson نے کہا، "یہ فنڈنگ حاصل کرنے والی ایک غیر منفعتی تنظیم کے طور پر CAMBA پناہ گزینوں کی خدمت کے لیے وقف ہے، اور ہمیں پوری ریاست کے ان 17 فراہم کنندگان میں شامل کیے جانے پر بہت فخر ہے جو اس کمزور آبادی کی مدد کے لیے فنڈز حاصل کر رہے ہیں۔ پناہ گزین نیویارک ریاست کے لیے ثقافتی اور اقتصادی دونوں لحاظ سے بہت زیادہ اہمیت رکھتے ہیں، اور اس فنڈنگ کے ساتھ ہم ان کی مدد کرنے کے لیے پرعزم ہیں کہ وہ امریکہ میں اپنی زندگیاں پھر سے شروع کر سکیں، اور ہم انہیں ضروری خدمات فراہم کرنا جاری رکھیں گے مثلاً براہ راست ملازمت پر رکھوانا اور اس ملازمت کو برقرار رکھنے میں مدد دینا جو بالآخر انہیں خود کفیل بنا دے گی۔ یہ خدمات پناہ گزینوں کو اپنی نئی کمیونٹیز میں کامیاب زندگیوں کی تعمیر کرنے میں مدد دیتی ہیں۔"

Catholic Charities of Long Island کی سی ای او Michael Smith نے کہا، " Catholic Charities of Long Island میں ہمارا عقیدہ ہمیں تمام ضرورت مندوں کی دیکھ بھال کرنے کی ترغیب دیتا ہے اور ہمارا ایمان ہے کہ ہر شخص اللہ کا بندہ ہے اور عزت اور وقار کا مستحق ہے۔ ریفیوجی سپورٹ سروسز پروگرام اہل افراد اور خاندانوں کو ہماری کمیونٹیز میں ترقی کی منازل طے کرنے میں مدد دیتا ہے۔ یہ مفید و مؤثر باہمی تعاون ملازمتوں کی تربیت اور خدمات کے انضمام جیسے ضروری امور فراہم کرتا ہے جو صحتمندانہ سماجی عزائم کو بڑھاتے ہوئے خود کفالت کی راہ پر گامزن کرنے والے ہیں۔ ہمیں مقامی طور پر بھی اور پوری ریاست نیو یارک میں بھی کامیاب نتائج حاصل کرنے کے لیے ان کوششوں میں حصہ لینے پر فخر ہے۔"

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں